بچے کی پیدائش کے لیے ہسپتال آتے ہوئے کونسی چیزیں ساتھ لانی چاہیئں

What to Bring to Hospital when Having a Baby

July 2022 Urdu

یہاں ان چیزوں کے مشورے دیے جا رہے ہیں جو بچے کی پیدائش کے لیے ہسپتال آتے ہوئے ساتھ لانی چاہیئں۔

کار میں سفر کے لیے

- 2 صاف پرانے تولیے
- پلاسٹک کا ڈبا جو الٹی آنے پر استعمال کیا جا سکے

براہ مہربانی بچے کی پیدائش سے پہلے ہی کار میں بے بی کے لیے منظور شدہ، فکس کار سیٹ ضرور لگوا لیں۔

آپ کو ان چیزوں کی ضرورت ہو گی

- آپ کا اینٹی نیٹل کارڈ
- میڈی کیئر کارڈ
- انشورنس کی تفصیلات (اگر آپ کے پاس انشورنس ہو)
- درد زہ کے دوران پہننے کے لیے لباس - بڑی ٹی شرٹ یا پرانی نائٹی
- نائٹی اور ڈریسنگ گاؤن
- دن کے وقت پہننے کے لیے کچھ ڈھیلے اور آرام دہ کپڑے
- آرام دہ جوتے
- انڈر ویئر اور 2 عدد نرسنگ برا۔ کچھ خواتین ایک دفعہ استعمال کے جانگیے استعمال کرتی ہیں
- میٹرنٹی پیڈز(بڑے پیڈز)
- بریسٹ پیڈز یا نرسنگ پیڈز
- غسلخانے میں استعمال کی چیزیں - صابن، ٹوتھ برش، ٹوتھ پیسٹ، ڈیوڈورنٹ، شیمپو، برش، کنگھی اور چہرے کے لیے تولیا
- ہونٹوں کی بام
- ہیئر ڈرائر
- ٹافیاں/چوسنے والی گولیاں
- فون چارجر

اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی عملے سے کہیں یا 450 131 پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) کو فون کریں۔

شوہر یا ساتھ آنے والے مددگار کے لیے

- کھانے کی چیزیں، سنیکس اور مشروبات
- ڈھیلا آرام دہ لباس اور ایک سویٹر کیونکہ ہسپتال میں ایر کنڈیشننگ چلتی ہے
- پین اور کاغذ لانا فائدہ مند ہو سکتا ہے
- سوئمنگ کا لباس
- کیمرے والا فون/وڈیو بنانے والا فون، کیمرا یا وڈیو ریکارڈر اور چارجرز

بے بی کے لیے

- نیپی (فی دن 8 سے 10 نیپی)
- بے بی وائپس
- اگر آپ اپنے بچے کو فارمولا دودھ دینے کا ارادہ رکھتی ہیں تو آپ کو خود فارمولا دودھ اور فیڈر ساتھ لانے ہوں گے
- گھر واپسی کے وقت بے بی کو پہنانے کے لیے کپڑے

اگر آپ کو انگلش سمجھنے یا بولنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو پروفیشنل انٹرپریٹر (زبانی مترجم) ملتے ہیں۔ انٹرپریٹر سروس مفت اور رازدارانہ ہوتی ہے۔ اگر آپ انٹرپریٹر لینا چاہیں تو براہ مہربانی عملے سے کہیں یا 450 131 پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS) کو فون کریں۔

Local Contact آپ کے علاقے میں رابطہ

Person’s name: نام: ______________________

Contact number: فون نمبر: ______________________